Member APNS
کوئٹہ اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا روزنامہ
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
ایڈیٹر: ریاض احمد
جلد 22 | پیر 14 ستمبر 2026ء | یکم ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 66
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com

ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کیلئے امریکا کو 7 شرائط پیش کردیں

عمان کیساتھ طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں جائیگی

آبنائے ہرمز میں تجارتی جہاز پر حملہ، ایک شخص جاں بحق، 3 زخمی، نامعلوم سمت سے داغا گیا گولہ آبنائے ہرمز سے گزرتے ہوئے بحری جہاز سے ٹکرا گیا

ایرانی پاسداران کی امریکی جنگی جہازوں کو آبنائے ہرمز سے دور رہنے کی وارننگ، ایران سعودی عرب کے ساتھ حالتِ جنگ میں نہیں، ایرانی صدر

تہران (این این آئی) ایران نے آبنائے ہرمز کھولنے کے لیے امریکا کو سات شرائط پیش کردیں۔ غیرملکی خبررساں ادارے کے مطابق ایران نے ساتھ ہی واضح کیا کہ سلطنت عمان کے ساتھ پیر کو طے پانیوالے معاہدے کے نتیجے میں آبنائے ہرمز کھولی نہیں (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسرائیل لبنان مذاکرات میں بڑا تعطل، روم مذاکرات اکتوبر تک موخر

دونوں ممالک کے سفیر رواں ہفتے واشنگٹن میں امریکی محکمہ خارجہ میں ملاقات کریں گے، حکام

تل ابیب (این این آئی) اسرائیل اور لبنان کے درمیان روم میں اگلے ہفتے ہونے والے مذاکرات اکتوبر تک مؤخر کردیئے گئے ہیں۔ امریکی حکام کے مطابق یہ فیصلہ یہودی (بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر)

ایران کے ساتھ جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہوجائے گی، ٹرمپ کا دعویٰ

امریکا میں دنیا کی سب سے کم شرح سود ہونی چاہیے اور امریکی معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ ایران کے ساتھ جاری جنگ مڈٹرم انتخابات کے بعد ختم ہوجائے گی، ایسا کوئی معاہدہ قبول نہیں کروں گا (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

رہبر اعلیٰ زندہ ہیں، دشمن ان کا سراغ لگانے میں ناکام ہوچکا، مسعود پزشکیان

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ہم جنگ کے خواہاں نہیں، یہ امریکا ہے جو ہمارے خطے میں داخل (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆☆☆ آئرلینڈ: ڈبلن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورے کے خلاف ہزاروں افراد احتجاج میں شریک ہیں ☆☆☆☆☆☆

موٹرسائیکل، رکشے اور چھوٹے گاڑیوں کیلئے پیٹرول پر 100 روپے فی لیٹر ریلیف کا اعلان

شہباز شریف کا مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس، ریلیف سکیم کا اجرا

وزیراعظم کا عوام کیلئے خصوصی پیکیج

تیل کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے، وزیراعظم

اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پاکستان میں بشمول کشمیر اور گلگت بلتستان میں اطلاق بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب میں کیا جائیگا

قیمتوں میں اضافے کی وجہ سے عوام پر پڑنے والے بوجھ کا حکومت کو پورا احساس ہے، مشکل کی اس گھڑی میں ہم عوام کو تنہا نہیں چھوڑینگے، شہباز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے مشرق وسطی میں حالیہ کشیدگی اور اسکے باعث عالمی منڈی میں بڑھتی ہوئی تیل کی قیمتوں کا عوام پر بوجھ بڑھنے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایک خصوصی ریلیف سکیم کا اجراء کر دیا ہے جس کے تحت موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک گاڑی استعمال کرنے والوں کے لیے پیٹرول پر فی لیٹر 100 روپے کا ریلیف دیا جائیگا، اسلام آباد کی حدود میں اسکا اطلاق آئندہ پیر اور منگل کی درمیانی شب کر دیا جائیگا، پورے (بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر)

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان

آئی ایم ایف کے ساتھ جون 2026 تک حاصل کیے گئے اہداف پر مذاکرات ہوں گے، رواں مالی سال کے لیے آئی ایم ایف نئے اہداف اور شرائط سے بھی آگاہ کرے گا

آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے، جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجراء ہے، ذرائع

اسلام آباد/نیویارک (این این آئی) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہوسکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

جنوبی لبنان میں اسرائیلی فوج کی جنگ بندی کی خلاف ورزی، مخصوص اہداف کو نشانہ بنایا

بیروت (این این آئی) اسرائیلی فوج کی لبنان میں جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری ہیں۔ عرب میڈیا کے مطابق جنوبی لبنان کے مختلف دیہی علاقوں پر اسرائیلی فوج نے فضائی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے

خیبرپختونخوا حکومت نے علی امین گنڈاپور کے آبائی ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کے ترقیاتی فنڈز روک دیے

پشاور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف میں اندرونی اختلافات شدت اختیار کر گئے، خیبرپختونخوا حکومت نے سابق وزیراعلیٰ علی امین گنڈاپور کے آبائی ضلع (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد سے رابطہ، حوثی باغیوں کے حملوں پر اظہار مذمت

سعودی ولی عہد نے مسلسل اور ثابت قدم حمایت اور خطے میں امن واستحکام کیلئے پاکستان کی کوششوں کو سراہا

حوثیوں کی حالیہ کارروائیاں علاقائی امن وسلامتی کیلئے خطرہ ہیں، شہباز شریف

لاہور (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اتوار کی سہ پہر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود سے ٹیلیفون پر گفتگو کی جس (بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر)

پشاور: وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، رانا ثناء اللہ

پی ٹی آئی کا احتجاج ٹکے ٹوکری ہوجائیگا، وزیرداخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کرینگے تو ان سے جواب لے لیں گے

صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت (بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر)

ٹیکس گوشوارے جمع کرانے میں 17 دن باقی

کراچی (این این آئی) انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے کی آخری تاریخ میں اب صرف 17 دن باقی رہ گئے ہیں۔ ایف بی آر نے ٹیکس گزاروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ آخری تاریخ کا انتظار کیے بغیر اپنے سالانہ انکم ٹیکس (بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر)

وفاقی آئینی عدالت اور سپریم کورٹ میں چھٹیاں ختم، اہم کیسز سماعت کیلئے مقرر

سپریم کورٹ میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہسپتال منتقلی سمیت دیگر درخواستوں پر سماعت بدھ کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) ملک کی عدالتوں میں موسم گرما کی تعطیلات ختم ہوگئیں (آج) پیر سے معمول کے مطابق مقدمات کی سماعت ہوگی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر)

احسن اقبال کا لیاقت بلوچ سے رابطہ، مذاکرات کیلئے ایک روز کی مہلت مانگ لی

احسن اقبال نے وزیراعظم کا پیغام پہنچایا وزیراعظم چاہتے ہیں کہ پٹرولیم لیوی کے معاملے پر مذاکرات منگل کو کیے جائیں

جماعت اسلامی اور حکومتی کمیٹیوں کے درمیان لیوی اور آئی پی پیز پر مذاکرات منگل اور بدھ کو ہونگے، نائب امیر جماعت اسلامی

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی لیاقت بلوچ سے وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے ٹیلی فون رابطہ کیا ... (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)





گیس سیکٹر کا 3 ہزار 600 ارب روپے گردشی قرض 3 سال میں ختم کرنے کا پلان

منصوبے کے تحت گیس کمپنیوں کے 840 ارب روپے کے منافع سے گردشی قرض کم کیا جائے گا

پہلے سال 528 ارب، دوسرے سال 473 ارب اور تیسرے سال 433 ارب روپے کی کمی کا تخمینہ لگایا گیا ہے، ذرائع

کراچی (این این آئی) گیس سیکٹر کا 3 ہزار 600 ارب روپے کا گردشی قرض ... (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

ایران نے امریکی جہازوں پر حملوں کیلئے کون سی اے آئی ٹیکنالوجی استعمال کی؟ رپورٹ جاری

تہران (این این آئی) ایران نے امریکی بحری جہازوں کو نشانہ بنانے کیلئے امریکی اے آئی ٹیکنالوجی کا استعمال کیا۔ وال اسٹریٹ جرنل کے مطابق اینتھروپک کی (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

پٹرولیم لیوی سے حکومت کو ہدف سے 99 ارب روپے زائد وصول

مقررہ ہدف 1468 ارب روپے تھا، پٹرول پر 80 روپے فی لیٹر لیوی برقرار

گزشتہ مالی سال میں پٹرولیم ڈویلپمنٹ لیوی کی مد میں 1567 ارب روپے جمع

... (بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: جماعت اسلامی کے مرکزی امیر حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس کررہے ہیں

ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت 100 روپے فی لیٹر کا ریلیف دینے پر مجبور ہوئی، حافظ نعیم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی پیٹرول قیمتوں سے متعلق اسکیم پر امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمان کا ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہماری (بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب کے شہر جیزان میں حوثیوں کا میزائل حملہ، 2 افراد زخمی

سعودی حمایتی فورسز کو 5400 مربع کلومیٹر کے علاقے سے پسپا کردیا، بیان

انصار اللہ کا یمن پر 48 گھنٹوں میں سعودی عرب کے ایک سو انتیس فضائی حملوں کا دعویٰ

... (بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر) ... (بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر)

صحت اور تعلیم میں سرمایہ کاری سندھ کے مستقبل میں سرمایہ کاری ہے، شرجیل انعام میمن

این آئی سی وی ڈی میں 47 لاکھ سے زائد مریضوں کا علاج، 93 ہزار سے زائد اساتذہ میرٹ پر بھرتی کیے گئے

این آئی سی وی ڈی سندھ حکومت کے "صحت سب کے لیے" وژن کی عملی تصویر ہے

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر اور صوبائی وزیر اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ سندھ حکومت نے صحت اور تعلیم کو عوام کے (بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر)

حج و عمرہ زائرین کیلئے ویکسینیشن کارڈ کا آسان طریقہ کار متعارف

گھر بیٹھے پاک آئی ڈی موبائل ایپ کے ذریعے بائیومیٹرک تصدیق اور مقررہ فیس کی ادائیگی کرسکیں گے، حکام

بائیومیٹرک تصدیق اور فیس کی ادائیگی کے بعد زائرین کو سول ڈسپنسری کاؤنٹر سے ویکسین لگوانا ہوگی، نادرا

کراچی (این این آئی) نادرا نے بارڈر ہیلتھ سروسز اور وزارت صحت کے اشتراک سے حج و عمرہ زائرین کیلئے ویکسینیشن کارڈ کے حصول کا آسان طریقہ کار متعارف کرا دیا۔ نادرا (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

یمن: حوثیوں کے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے پر کنٹرول کے بعد جھنڈا لہرایا جارہا ہے

ایف بی آر کا 35 لاکھ چھوٹے تاجروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا فیصلہ

اسکیم کے اہل دکانداروں کو فروخت کے مقام پر نظام اور ڈیجیٹل رسید کے نظام سے استثنیٰ حاصل ہوگا، تاجروں کا ٹیکس آڈٹ بھی نہیں کیا جائے گا

20 کروڑ روپے تک سالانہ کاروبار کرنے والے دکانداروں کیلئے ایک فیصد ٹیکس مقرر، کم از کم 25 ہزار روپے سالانہ ٹیکس دینا ہوگا

کراچی (این این آئی) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے ملک بھر کے تقریباً 35 لاکھ چھوٹے تاجروں اور دکانداروں کو ٹیکس نیٹ میں لانے کیلئے رجسٹریشن مہم شروع کردی۔ ایف بی آر نے دکانداروں کی آسان رجسٹریشن کیلئے اردو اور علاقائی زبانوں میں ایک صفحے پر مشتمل سادہ فارم جاری کردیا ہے۔ اسکیم کے تحت 20 کروڑ روپے تک سالانہ کاروباری حجم (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

کمبوڈیا: چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان، سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی

مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر کسی تنظیم یا گروپ کو تقریب کی اجازت نہیں ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) بلوچستان کے تمام سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کردی گئی۔ کوئٹہ سے جاری احکامات کے مطابق تمام (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ

اسلام آباد (این این آئی) خطے کی غیر یقینی صورتحال کے باوجود پاکستان کی ایران سے درآمدات میں اضافہ ہوا ہے۔ ذرائع کے (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

پوتن، زیلنسکی ملاقات کا امکان نہیں، روسی صدارتی محل

ماسکو (این این آئی) کریملن نے روسی صدر ولادیمیر پوتن اور ان کے یوکرینی ہم منصب ولادیمیر زیلنسکی کے درمیان (بقیہ نمبر 63 صفحہ 3 پر)

غزہ، اسرائیلی فوج کی بمباری سے 2 فلسطینی شہید

فضائی حملے میں شہید ہونے والے فلسطینیوں کی شناخت معلوم نہیں ہوسکی، ہلال احمر

غزہ (این این آئی) غزہ پر اسرائیلی فوج کی فضائی بمباری سے کم از کم 2 فلسطینی شہید ہوگئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اسرائیلی فضائیہ نے غزہ شہر کے علاقے تل الہوی میں (بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر)

مقبوضہ بیت المقدس: مسجد اقصیٰ پر یہودی انتہاپسندوں کا دھاوا، کئی افراد صحن میں داخل ہورہے ہیں

بلوچستان، ریاست مخالف بیانیہ چلانے پر 100 سرکاری ملازمین برطرف

ریاست کے خلاف بیانیے پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں

سرکاری مراعات حاصل کرنے کے باوجود پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کا سلسلہ برداشت نہیں کیا جائے گا، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے ریاست مخالف بیانیہ چلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 100 سرکاری ملازمین کو ملازمتوں سے برطرف کردیا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں۔ معاون محکمہ داخلہ بلوچستان بابر (بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر)

حکومت ہتھکنڈوں سے باز رہے قافلے اسلام آباد ضرور پہنچیں گے، حافظ نعیم

بانی پی ٹی آئی عمران خان کو سیاسی قیدی سمجھتے ہیں، انہیں صحت کی تمام سہولیات دی جائیں، احتجاج تحریک انصاف کا آئینی حق ہے

اپوزیشن نے پٹرولیم لیوی کے خلاف جماعت اسلامی کے احتجاج کی مکمل حمایت کی ہے، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ بیس ستمبر کو ملک بھر سے قافلے اسلام آباد پہنچیں گے، حکومت کسی بھی ایڈوانچر سے باز رہے، پی ٹی آئی، جمعیت علماء اسلام، اے این پی سمیت ساری اپوزیشن نے جماعت اسلامی کے لانگ مارچ (بقیہ نمبر 64 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا، یہ مارچ کرتے نظر نہیں آرہے، شیر افضل مروت

بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، رکن قومی اسمبلی

لاہور (این این آئی) رکن قومی اسمبلی شیر افضل مروت نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی نے بانی پی ٹی آئی کی رہائی کیلئے کچھ نہیں کیا، بات چیت چل رہی ہے مارچ کینسل کیا جائے تو بشریٰ بی بی کو ریلیف دیا جاسکتا ہے، پی ٹی آئی کا مارچ نہیں ہوگا کیونکہ یہ مارچ کرتے (بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر)

ہرنائی، کوئلہ کان میں گیس دھماکا، 4 کان کن جاں بحق، 5 مزدور بحفاظت ریسکیو

کوئلے کے کان میں گیس بھر جانے کے باعث خوفناک دھماکا، متعدد مزدور کان کی گہرائی میں پھنس گئے

اطلاع ملتے ہی پاک فوج کی ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر آپریشن کا آغاز کیا

ہرنائی (این این آئی) ہرنائی میں واقع کوئلے کی کان میں گیس دھماکے کے بعد پاک فوج نے ریسکیو آپریشن مکمل کرلیا، کان کے اندر پھنسے 5 مزدوروں کو زندہ بچا لیا گیا۔ (بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر)

نئے صوبوں کا معاملہ قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے، چودھری شجاعت حسین

سیاسی جماعتیں صف بندی کے بجائے مذاکرات کی میز پر بیٹھیں، صدر مسلم لیگ (ق)

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے صدر چودھری شجاعت حسین نے کہا ہے کہ نئے صوبوں کا معاملہ سیاسی محاذ آرائی نہیں، قومی مشاورت سے حل ہونا چاہیے۔ چودھری شجاعت حسین سے مسلم لیگ (ق) سندھ کے صدر آصف جمال، جنرل سیکرٹری (بقیہ نمبر 65 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کیلئے ٹینڈرز طلب کرلئے

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم آفس نے ادویات کی مقامی خریداری کے لیے ٹینڈرز طلب کرلیے۔ اسلام آباد (بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر)

مخصوص اضلاع میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

مہم کے دوران 3 کروڑ 10 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پنجاب، سندھ، اسلام آباد، بلوچستان، خیبرپختونخوا اور گلگت بلتستان میں انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی۔ انسداد پولیو پروگرام کے مطابق (بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر)

انڈونیشیا میں مسافروں سے بھری کشتی لاپتہ، 139 افراد کی تلاش جاری

جکارتہ (این این آئی) انڈونیشیا میں مسافروں سے بھری کشتی لاپتہ ہوگئی جس پر 243 افراد سوار تھے۔ انڈونیشین ریسکیو (بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: گورنر خیبرپختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز جمالی ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم: عوام کو فی لیٹر 100 روپے سستے پیٹرول کی فراہمی کے لیے جدید ترین ڈیجیٹل سسٹم فعال، رجسٹریشن کا طریقہ کار جاری

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم پاکستان کے عوامی عزم اور سخت (بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر)

بلوچستان، سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید وفروخت کا معاملہ پھر گرم ہوگیا

وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید وفروخت کا معاملہ ایک بار پھر گرم ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا ہے اس حوالے سے نور محمد نے بتایا کہ 10 لاکھ، (بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی آج لاہور آئیں گے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا سہیل آفریدی آج (پیر) کے روز لاہور آئیں گے۔ پی ٹی آئی رہنما شوکت بسرا (بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر)

لاہور: بارش کے دوران شہری اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ

Daily Gwadar Business

ABC Certified

روزنامہ گوادر بزنس

ایڈیٹر ریاض احمد

اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ وقت کی ضرورت

نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان چین کے ساتھ اپنے آزمودہ اور وقت کی کسوٹی پر پورا اترنے والے تعلقات کو خصوصی اہمیت دیتا ہے، جبکہ دونوں ممالک کی آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مضبوط بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ تجارت، سرمایہ کاری، علاقائی رابطہ کاری اور سی پیک سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق چین کے لیے پاکستان کے نامزد سفیر علی اسد گیلانی نے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار سے ملاقات کی۔ اس موقع پر اسحاق ڈار نے علی اسد گیلانی کو چین میں پاکستان کا سفیر نامزد ہونے پر مبارکباد دی اور ان کے لیے نئی سفارتی ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ ملاقات کے دوران نائب وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ اور ہمہ جہت تعلقات دونوں ممالک کی خارجہ پالیسی میں خصوصی اہمیت رکھتے ہیں۔ اس امر پر زور دیا کہ پاک چین آل ویدر اسٹریٹجک کوآپریٹو پارٹنرشپ کو مزید مستحکم بنانے کے لیے مشترکہ کوششوں کو آگے بڑھایا جائے۔ اسحاق ڈار نے تجارت، سرمایہ کاری، رابطہ کاری اور چین پاکستان اقتصادی راہداری (سی پیک) سمیت مختلف شعبوں میں تعاون بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ زراعت، سائنس و ٹیکنالوجی، تعلیم اور عوامی روابط کے شعبوں میں بھی دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر زور دیا۔ نائب وزیراعظم نے ایڈیشنل سیکرٹری ایشیا پیسفک کی حیثیت سے علی اسد گیلانی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا سفارتی تجربہ پاکستان اور چین کے درمیان دیرینہ شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے میں معاون ثابت ہوگا۔

صحافیوں کا عالمی دن

بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کی نومنتخب کابینہ نے حلف اٹھالیا

سنگِ صدف کی رونمائی اور مشاعرہ

ادبی منظر۔ شیخ فرید

ادب اور صحافت کا باہمی تعلق اس حوالے سے اہم ہے کہ دونوں قلم کی حرمت کے امین ہیں، تاہم بلوچستان کو پرنٹ میڈیا کو ہمیشہ مسائل کا سامنا رہا ہے۔ [illegible] 13 ستمبر کا دن بلوچستان کی صحافتی تاریخ میں ایک نئے باب کا آغاز ثابت ہوا، [illegible]

[illegible] ہے۔ مقامی اخبارات اور ان سے وابستہ صحافی و کارکن آج شدید مشکلات سے دوچار ہیں، اس لئے لوکل پرنٹ میڈیا کی [illegible] آواز بلند کرنا ہے۔

بلوچستان رائٹرز گلڈ (برگ) کی گیارہ رکنی کابینہ نے حلف اٹھالیا۔ حلف برداری کی تقریب کی صدارت معروف ادیب اور براہوی زبان کے اسکالر ڈاکٹر سوسن براہوی نے کی جبکہ ممتاز نعت خوان شہزاد [illegible]

[illegible] بزم عابد شال کے زیر اہتمام پروفیسر رشید حسرت کی رہائش گاہ پر محفل مشاعرہ کی تقریب ہوئی بعد ازاں سولہ شعری مجموعوں کی خالق شاعرہ صدف غوری کی کتاب سنگ صدف کی رونمائی کی گئی۔

محترمہ صدف غوری کے اعزاز میں بین اللسانی محفلِ مشاعرہ اور 'سنگِ صدف' کی تقریبِ رونمائی

انجمن عابد شال کے زیرِ اہتمام محترمہ صدف غوری کے اعزاز میں ایک باوقار بین اللسانی محفلِ مشاعرہ اور ان کی کتاب 'سنگِ صدف' کی تقریبِ رونمائی کا شاندار انعقاد

رپورٹ (گل جی)

رشید حسرت کی رہائش گاہ (واقع سبزل روڈ فیروزآباد) پر ہوا۔

انجمن عابد شال کے سرپرست اعلی استاد رشید حسرت کی میزبانی میں ہونے والے اس دلآویز مشاعرے کی صدارت محترمہ تسنیم صنم (چیئر پرسن، بزمِ صائم) نے کی۔ اعزازی مہمان محترمہ صدف غوری صاحبہ تھی جبکہ مہمانِ خاص براہوئی کے نامور شاعر استاد صابر ندیم صاحب تھے۔ نظامت کے فرائض نصیر احمد گل جی نے ادا کیئے۔

تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا جسکی سعادت بلال عاجز نے حاصل کی۔ پہلے مرحلے میں کتاب 'سنگِ صدف' کی رونمائی کی گئی، جس میں محترم عظیم انجم ہانبھی استاد رشید حسرت، محترمہ صدف غوری اور استاد صابر ندیم نے مشترکہ طور پر حصہ لیا۔

اس کے بعد باقاعدہ محفلِ مشاعرے کا آغاز ہوا جس میں شعراء کرام کے علاوہ سامعین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور داد و تحسین سے نوازا۔ مشاعرے میں شامل شعرائے کرام میں نصیر احمد گل جی، کبیر احمد عاطف، جہانزیب احسن، ستار حسرت، میر محمد مہر، نرگس ندیم ، رفیق شاکر، پروفیسر اکبر ساسولی، سفر ندیم ، حجت ظہیر، عجب خان سائل، فہمیدہ گل، فائزہ شکیل، شوکت امان، عاصم جی، بلال عاجز، کامران قمر، عظیم انجم ہانبھی، فیصل ندیم، استاد صابر ندیم، جہانگیر کاوش، صدف غوری، تسنیم صنم، اور استاد رشید حسرت نے اپنا کلام سنایا۔

اس پورے شاندار پروگرام کی مکمل اور بہترین کوریج چلتن نیوز کے سی ای او عبدالرؤف شاہوانی اور ان کی ٹیم نے کی۔

مشاعرے میں شامل ادبی تنظیموں دشتل ادبی دیوان ، دائرہ علم و ادب بلوچستان، شاشان انجمن شعراء بلوچستان، بلوچستان سوشل ریفارمز، بلوچستان رائٹرز گلڈ، بلوچستان ریڈر فاؤنڈیشن (سبی) ، بزم جہاں آراء، بزم صائم (ادبیات) ، جوہر ادبی تنظیم ، براہوئی اکیڈمی اور انجمن عابد شال کے ممبر و عہدیداران شامل تھے

مشاعرے کے اختتام پر تمام احباب کے لیے چائے کا اہتمام کیا گیا، جبکہ استاد رشید حسرت اور محترمہ صدف غوری نے دوستوں کو اپنی کتابوں کے تحائف بھی پیش کیے۔

"سیماب رفیق" بلوچستان کی تعلیمی قیادت کا روشن باب

بلوچستان جیسے وسیع و عریض صوبے میں تعلیم کے شعبے کی بہتری، اداروں کی مضبوطی اور نئی نسل کی بہتر تربیت کے لیے جن شخصیات نے اپنی صلاحیتیں، تجربہ اور توانائیاں وقف کیں، ان میں سیماب رفیق کا نام ایک نمایاں اور قابلِ احترام مقام رکھتا ہے۔ تین دہائیوں سے زائد عرصے پر محیط ان کا شاندار پیشہ ورانہ سفر نہ صرف ان کی محنت، قابلیت اور عزم کی عکاسی کرتا ہے بلکہ بلوچستان کے تعلیمی نظام میں ان کی گراں قدر خدمات کا بھی واضح ثبوت ہے۔

سیماب رفیق نے محکمہ تعلیم بلوچستان میں تدریس سے لے کر اعلیٰ انتظامی ذمہ داریوں تک مختلف اہم عہدوں پر خدمات انجام دیں اور اپنی پیشہ ورانہ قابلیت کا لوہا منوایا۔ بلوچستان پبلک سروس کمیشن کے ذریعے کوئٹہ ڈسٹرکٹ اوپن میرٹ کوٹے پر انتخاب سے شروع ہونے والا ان کا سفر بالآخر ڈائریکٹر ایجوکیشن (بی ایس۔20) جیسے اہم منصب تک پہنچا، جو ان کی صلاحیت، تجربے اور قائدانہ کردار کا اعتراف ہے۔

ان کی شخصیت کا ایک نمایاں پہلو یہ ہے کہ انہوں نے تعلیم کو محض ایک سرکاری شعبہ نہیں سمجھا بلکہ اسے معاشرے کی تعمیر و ترقی کا بنیادی ذریعہ قرار دیتے ہوئے عملی اقدامات پر توجہ دی۔ تعلیمی قیادت، پبلک ایڈمنسٹریشن، تعلیمی پالیسی، گورننس، ٹیچر ایجوکیشن، ادارہ جاتی ترقی اور کوالٹی ایشورنس جیسے اہم شعبوں میں ان کی خدمات قابلِ تحسین ہیں۔

بلوچستان میں ایسوسی ایٹ ڈگری اِن ایجوکیشن (ADE) پروگرام کے فروغ میں ان کا کردار خصوصی اہمیت کا حامل ہے۔ پری۔STEP پروگرام کے تحت قائم ہونے والے پہلے پائلٹ کالج کی قیادت بھی ان کی پیشہ ورانہ بصیرت اور قائدانہ صلاحیتوں کا مظہر ہے۔ انہوں نے نصاب سازی، نصاب میں بہتری، اساتذہ کی تربیت اور تعلیمی اصلاحات کے مختلف منصوبوں میں حصہ لے کر تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے قابلِ قدر کردار ادا کیا۔

سیماب رفیق نے بطور ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر، سینئر ہیڈ مسٹریس، پرنسپل ایلیمنٹری کالج اور محکمہ اسکول ایجوکیشن بلوچستان کی مختلف انتظامی و تعلیمی ذمہ داریوں پر خدمات انجام دیں۔ ہر منصب پر ان کی ترجیح ہمیشہ ادارے کی بہتری، شفاف انتظام، اساتذہ کی پیشہ ورانہ ترقی اور طلبہ کے لیے بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی رہی۔

ان کی خدمات کا دائرہ صرف محکمہ تعلیم تک محدود نہیں رہا بلکہ انہوں نے یونیسیف، یو این ڈی پی، بائٹ سمیت قومی و بین الاقوامی ترقیاتی اداروں کے ساتھ بھی تعلیمی شعبے کی بہتری کے لیے کام کیا۔ مختلف اداروں اور تنظیموں کے ساتھ کام کرنے کا وسیع تجربہ ان کی پیشہ ورانہ وسعتِ نظر اور جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ سوچ کا عکاس ہے۔

اعلیٰ تعلیم کے میدان میں بھی سیماب رفیق نے اپنی قابلیت کو ثابت کیا۔ انہوں نے ماسٹرز اِن ایجوکیشن اور ماسٹرز اِن اسلامیات سمیت اعلیٰ تعلیمی اسناد حاصل کیں۔ علم، تجربے اور عملی میدان میں طویل خدمات کا یہ امتزاج انہیں ایک ایسی شخصیت بناتا ہے جو بلوچستان کے تعلیمی منظرنامے میں ایک قابلِ تقلید مثال کی حیثیت رکھتی ہیں۔

سیماب رفیق کی سب سے بڑی خوبی ان کی قیادت کے ساتھ خدمت کا جذبہ ہے۔ انہوں نے عہدے کو اختیار کے بجائے ذمہ داری سمجھا اور اپنی پیشہ ورانہ زندگی میں ادارہ سازی، انسانی وسائل کی ترقی اور تعلیمی معیار کی بہتری کو ہمیشہ اہمیت دی۔ ان کا سفر اس بات کا ثبوت ہے کہ خلوص، محنت، قابلیت اور مستقل مزاجی کے ساتھ انسان نہ صرف اپنے شعبے میں مقام بنا سکتا ہے بلکہ پورے معاشرے پر مثبت اثرات بھی مرتب کرسکتا ہے۔

آج جب بلوچستان میں معیاری تعلیم، بہتر تعلیمی گورننس اور اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ محسوس کی جا رہی ہے، سیماب رفیق جیسی تجربہ کار اور باصلاحیت تعلیمی رہنماؤں کی خدمات اور تجربات نئی نسل کے لیے ایک قیمتی اثاثہ ہیں۔ سیماب رفیق صرف ایک سابق ڈائریکٹر ایجوکیشن نہیں بلکہ بلوچستان کی تعلیمی تاریخ میں خدمت، تجربے، قیادت اور عزم کی ایک قابلِ احترام علامت ہیں۔

☆☆☆☆

بزم فن وادب بلوچستان کوئٹہ کے زیرِ اہتمام صدف چنگیزی کے اعزاز میں تقریب

بزم فن و ادب بلوچستان کوئٹہ کے زیرِ اہتمام پروفیسر صدف چنگیزی کے اعزاز میں ایک باوقار تقریبِ فن و شخصیت کا انعقاد کیا گیا، یہ تقریب بزم فن و ادب بلوچستان کوئٹہ کے

رپورٹ۔ سجاد حیدر

سرپرست پروفیسر سید خورشید افروز کے زیر سایہ منعقد ہوئی، تقریب خانہ فرہنگ ایران کوئٹہ کے ہال میں منعقد ہوئی۔ بزم فن و ادب بلوچستان کوئٹہ کے سرپرست اعلی پروفیسر سید خورشید افروز کی میزبانی میں ہونے والے اس تقریب کی صدارت محترم عرفان احمد بیگ نے فرمائی، اعزازی مہمان محترم آغا گل تھے، جبکہ تقریب کے دولہا محترم پروفیسر صدف چنگیزی تھے، نظامت کے فرائض محترمہ غزالہ تبسم نے بہت ہی خوبصورتی سے ادا کئے۔ تقریب کا باقاعدہ آغاز تلاوتِ کلامِ پاک سے ہوا جس کی سعادت کامران قمر نے حاصل کی۔ اس کے بعد کامران قمر نے محترم صدف چنگیزی کی نعت بہت ہی سریلے انداز میں پیش کی، تقریب میں ایک کثیر تعداد میں شعر و ادب سے شغف رکھنے والی شخصیات نے شرکت کی، جس میں رفیق طالب، غلام علی جون، عزیز الرحمٰن، شہزادی فوزیہ کاسی، مسز آغا گل، زہرہ خاتون، حمیدہ سیما، حمیرا شاہد، عذرا گل، شفقت عاصمی کمبوہ، گہوارہ فن کے چیئرمین حبیب الرحمٰن سردار، پروفیسر ایاز اختر ترین، معروف تاجر آغا محمد کاکڑ، عجب سائل، اکبر ساسولی، شہزاد احمد، معروف شاعرہ محترمہ زیب النساء، مس زہرہ، معروف صحافی چوہدری امتیاز، بزرگ شاعر محمود محور، عیسیٰ خان رسولی، محترمہ فہمیدہ گل، عرفان علی عابد، جواد موسوی اور نیاز خلجی سمیت فن و ادب سے محبت رکھنے والی شخصیات موجود تھیں جبکہ پروفیسر صدف چنگیزی کے فیملی کے افراد بھی اس موقع پر موجود تھے۔ اس موقع پر محترمہ حمیدہ سیما کی طرف سے پروفیسر صدف چنگیزی کے لئے خصوصی کیک بھی لایا گیا تھا، جو کہ مہمانوں نے صدف چنگیزی کے ساتھ مل کر کاٹا اور ہال میں موجود تمام مہمانوں میں کیک تقسیم کیا گیا، اس موقع پر پروفیسر صدف چنگیزی کی فن و شخصیت پر مقررین نے اظہار خیال کیا، جن مقررین نے اظہار خیال کیا ان میں کامران قمر، شفقت عاصمی کمبوہ، حمیرا شاہد، عذرا گل، حمیدہ سیما، زیب النساء، فہمیدہ گل، آغا گل، پروفیسر عرفان احمد بیگ شامل تھے، جواد موسوی نے منظوم خراج تحسین پیش کیا، اکبر خان اکبر قلعہ سیف اللہ میں ہونے کی وجہ سے ان کا مضمون عیسیٰ خان رسولی نے پیش کیا، جبکہ محترم پروفیسر خورشید افروز نے اس موقع پر بزم فن و ادب بلوچستان کوئٹہ کے اغراض و مقاصد پر روشنی ڈالی اور کہا کہ اب ہماری اگلی تقریب جناب شفقت عاصمی کمبوہ کے لئے ہوگی، صدف چنگیزی کی خدمات بہت زیادہ ہیں ان کی ادب میں خدمات کے پیش نظر آج کی یہ تقریب رکھی گئی ہے، سب سے آخر میں تقریب کے مہمان خصوصی پروفیسر صدف چنگیزی نے تمام مہمانوں کا اور بزم فن و ادب بلوچستان کوئٹہ کے سرپرست پروفیسر خورشید افروز کا خصوصی شکریہ ادا کیا تقریب کے اختتام پر تمام احباب کے لیے کھانے کا اہتمام کیا گیا تھا، جبکہ آغا گل نے اپنی کتاب پروفیسر صدف چنگیزی کو پیش کی جبکہ پروفیسر خورشید افروز نے اس موقع پر اپنی کتابوں کے تحائف پیش کیے۔

میجر نادر علی کی تصنیف کی شاندار تقریبِ رونمائی

کوئٹہ، عسکری و سول سروسز سے ریٹائرشدہ معروف شخصیت میجر نادر علی کی تصنیف "The Story and Soul of the Hazara Nation" کی شاندار تقریبِ رونمائی ہزارگی اکیڈمی کے زیرِ اہتمام علی ظہیر کانفرنس ہال، تنظیم نسل نو ہزارہ مغل میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب میں تاریخ، ادب اور ہزارہ قوم کے تاریخی و تہذیبی پس منظر سے دلچسپی رکھنے والے اہلِ علم، دانشوروں، ادیبوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ میجر نادر علی ایک طویل عرصے تک عسکری اور سول سروس سے وابستہ رہے۔ انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کے ساتھ ساتھ سماجی خدمات کے میدان میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات کا دائرہ عملی زندگی سے آگے بڑھتے ہوئے اب علمی و تحقیقی میدان تک پہنچ گیا ہے۔ ان کی نئی کتاب اسی علمی سفر کی ایک اہم کڑی قرار دی جارہی ہے۔ تقریب کی نظامت کے فرائض نوجوان شاعر اور ہزارگی اکیڈمی کے سیکرٹری جنرل محمد علی سائل نے انجام دیے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ہزارگی اکیڈمی کے صدر اور ممتاز دانشور احمد علی بیگ، ماہنامہ سبیت کے مدیر منظور پویا، معروف فلمکار کوثر علی کوثر، ممتاز ڈرامہ نگار و افسانہ نویس نسیم جاوید، نامور مصنف و مترجم مرزا آزاد، براہوی اکیڈمی کے ایگزیکٹو ممبر اکبر ساسولی اور نامور شاعر و ادیب شفقت عاصمی نے کتاب کے مختلف پہلوؤں پر اظہارِ خیال کیا اور مصنف کی علمی و تحقیقی کاوش کو سراہا۔ مقررین نے کہا کہ ہزارہ قوم کی تاریخ، تہذیب، اجتماعی شعور اور قومی جدوجہد کو دستاویزی اور تحقیقی انداز میں محفوظ کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اس حوالے سے "The Story and Soul of the Hazara Nation" ایک قابلِ قدر کاوش ہے۔ یہ نئی نسل کو اپنی تاریخ اور تہذیبی شناخت سے جوڑنے میں اہم کردار ادا کرسکتی ہے۔ اس موقع پر مصنف میجر نادر علی نے کتاب کے حوالے سے ایک جامع پریزینٹیشن بھی پیش کی۔ جس میں انہوں نے کتاب کے بنیادی موضوعات، تاریخی پس منظر، تحقیق کے اہم نکات اور تصنیف کے مقاصد پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ انہوں نے کتاب کی تیاری کے دوران پیش آنے والے تحقیقی مراحل اور تاریخی مواد کے انتخاب سے متعلق بھی شرکاء کو آگاہ کیا۔ پروگرام کے آخر میں محترم شفقت عاصمی صاحب نے میجر نادر علی صاحب کو اپنی کتاب کا تحفہ پیش کیا جبکہ میجر نادر علی صاحب نے اپنے دست مبارک سے صدر ہزارگی اکیڈمی جناب احمد علی بیگ صاحب کو اپنی کتابوں کا تحفہ پیش کیا۔ تقریب کے اختتام پر شرکاء نے میجر نادر علی کو ان کی علمی کاوش پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ وہ مستقبل میں بھی ہزارہ قوم کی تاریخ، ثقافت اور اجتماعی ورثے کو محفوظ کرنے کے لیے اپنی علمی و تحقیقی خدمات جاری رکھیں گے۔ یہ تقریب نہ صرف ایک نئی کتاب کی رونمائی کا موقع تھی بلکہ اس بات کا اظہار بھی تھی کہ ہزارہ معاشرے میں اپنی تاریخ کو تحقیق، کتاب اور علمی مکالمے کے ذریعے محفوظ کرنے کا شعور مسلسل فروغ پا رہا ہے۔

بقیہ 1

بھر میں عوامی احتجاج کی قیادت کر رہی ہے۔20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ وقت کی اہم ضرورت ہے جماعت اسلامی کے تمام سطح کے ذمہ داران بھرپور تیاریاں شروع کریں۔ بلوچستان کو ایک لاوارث، ریگستان اور نوگوایریا بنایا جا رہا ہے۔ عوام بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی، سڑکوں اور بارڈرز کی بندش سمیت سنگین مسائل کا شکار ہیں، مگر حکمرانوں اور متعلقہ اداروں کی بے حسی میں کوئی کمی نہیں آئی۔ جماعت اسلامی عوام کو درپیش مشکلات، ناانصافی اور ظلم کے خلاف ہر سطح پر جمہوری مزاحمت اور جدوجہد جاری رکھے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 20 ستمبر لانگ مارچ اور دیگر احتجاجی سرگرمیوں کے حوالے سے منعقدہ ذمہ داران کے اجلاس سے ٹیلیفونک خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں صوبائی، ضلعی اور برادر تنظیموں کے ذمہ داران نے شرکت کی۔ اجلاس میں 20 ستمبر لانگ مارچ اور مختلف اضلاع میں دھرنا کیمپوں کی تیاریوں کے حوالے سے مشاورت اور اہم فیصلے کیے گئے۔ مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے مزید کہا کہ بلوچستان کے حالات تجزیوں اور خبروں سے کہیں زیادہ خراب ہیں۔ اسلام آباد کے حکمران ہوش کے ناخن لیں، محض تجزیوں اور تجربات کے بجائے بلوچستان کے عوام کو امن، آئینی حقوق اور وسائل پر دسترس فراہم کریں۔ بلوچستان کے عوام کی سب سے بنیادی ضرورت امن ہے

بقیہ 2

سائیکلیں فراہم کر دی گئیں۔ اوستہ محمد اور نصیر آباد کے اضلاع میں پولیس کو جرائم کی روک تھام، پولیس گشت اور بروقت رسپانس کو مؤثر بنانے کے لیے 15 نئی CG-125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئیں۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے موٹر سائیکلوں کی چابیاں متعلقہ تھانوں کے ایس ایچ اوز اور انچارج افسران کے حوالے کیں۔ اس موقع پر ایس پی اوستہ محمد نے افسران کو ہدایت کی کہ موٹر سائیکلوں کی مناسب دیکھ بھال اور بروقت مرمت یقینی بنائی جائے جبکہ انہیں پولیس گشت اور سرکاری فرائض کی انجام دہی کے لیے ہی ذمہ دارانہ اور مؤثر انداز میں استعمال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ نئی موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے شہر میں پولیس گشت کا نظام مزید بہتر ہوگا، جس سے جرائم کی روک تھام، بروقت پولیس رسپانس اور عوام کے تحفظ میں مدد ملے گی

بقیہ 3

بن چکا ہے۔ دھرنے اور جلسوں میں خواتین، نوجوانوں اور عوام کی مسلسل شرکت اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ قوم اب حکمرانوں کی عیاشیوں، نااہلی اور عوام دشمن پالیسیوں کا حساب لینے کے لیے میدان میں آ چکی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں صرف پیٹرولیم لیوی کا حساب نہیں لینا، ہمیں اس خاتون اور طالبہ کا بھی حساب لینا ہے جو پاکستان کے کسی گلی کوچے، محلے، بازار یا ادارے میں خود کو محفوظ نہیں سمجھتی۔ چاہے وہ ایک ماہ کی بچی ہو یا چالیس سال کی عورت، تحفظ ہر پاکستانی بیٹی کا بنیادی حق ہے۔ ثمینہ سعید نے کہا کہ پنجاب کی وزیر اعلیٰ کہتی ہیں کہ خواتین ان کی "ریڈ لائن" ہیں، لیکن آج ہزاروں خواتین ایک ماہ سے سڑکوں پر موجود ہیں، تو کوئی ان سے یہ پوچھنے نہیں آیا کہ انہیں گھروں سے نکل کر احتجاج پر بیٹھنے پر کیوں مجبور ہونا پڑا؟ انہوں نے کہا کہ اگر واقعی خواتین ریڈ لائن ہیں تو ان کے مسائل بھی حکومت کی ترجیح ہونی چاہیے۔ حکمرانوں کو چاہیے کہ عوام کے درمیان آئیں، ان کی مشکلات سنیں اور انہیں ریلیف دیں۔ انہوں نے کہا کہ آج جماعت اسلامی پاکستان کے کونے کونے میں احتجاج کر رہی ہے اور واضح پیغام دے رہی ہے کہ عوام پر مزید لیوی اور ٹیکسوں کا بوجھ ناقابل قبول ہے۔

بقیہ 4

جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ ایک طرف غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب سے بلوچستان گندم لانے پر پابندی عائد کرنا قابلِ افسوس ہے۔ اسی طرح سندھ سے گندم کی ترسیل میں مشکلات کے باعث گندم کی قیمتوں میں بھی اضافہ ہو چکا ہے جس کا براہِ راست اثر آٹے کی قیمتوں پر پڑ رہا ہے۔ حکومت کی جانب سے فلور ملز کو سستے داموں گندم کی عدم فراہمی، مارکیٹ میں گندم کی قلت اور ذخیرہ نہ ہونے کے باعث آٹے کی قیمتیں کم نہیں ہو رہیں۔ اس وقت مارکیٹ میں آٹے کے نرخ عوام کی قوتِ خرید سے باہر ہوتے جا رہے ہیں۔ 20 کلو آٹے کا تھیلا تقریباً 3000 روپے، 50 کلو کا تھیلا تقریباً 7500 روپے، جبکہ 100 کلو آٹے کی بوری تقریباً 15000 روپے تک پہنچ چکی ہے۔ ان قیمتوں میں اضافے نے خصوصاً غریب اور متوسط طبقے کے لیے دو وقت کی روٹی کا حصول بھی مشکل بنا دیا ہے۔

بقیہ 5

ایس تائیکوانڈو کلب کے اشتراک سے تائیکوانڈو کے کھیل کو جدید خطوط پر فروغ دینے، کوچز اینڈ ریفریز کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو نکھارنے اور کھیل کے قوانین سے آگاہی کیلئے منعقد ہونے والے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس میں مختلف سکولز اور کالجز سے تعلق رکھنے والے مینز اینڈ ویمنز تائیکوانڈو کوچز، ریفریز، ججز اور پلیئرز نے شرکت کی۔ این ایس تائیکوانڈو کلب ماڈل ٹاؤن کے چیف ایگزیکٹو بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد اور بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف) کوریا، یو ایس کوچ اینڈ صدر نیشنل تائیکوانڈو کلب لاہور خاور محمود نے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس کے شرکاء کو تائیکوانڈو کوچنگ کے جدید طریقہ کار، جدید تکنیکوں، کھلاڑیوں کی تربیت، مقابلوں کے دوران ریفری کے فرائض، ججز کے فیصلوں کے اصول، تائیکوانڈو کھیل کے جدید قوانین، جدید ترین الیکٹرانک اسکورنگ سسٹم اور کھیل کے دوران پیش آنے والی مختلف صورتحال سے نمٹنے کے حوالے سے عملی تربیت فراہم کی۔ تائیکوانڈو کھیل کے انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ پلیئر ماہر انسٹرکٹر رانا اعجاز احمد نے تربیتی کورس کے شرکاء کو جدید تائیکوانڈو کے تقاضوں سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ معیاری کوچنگ اور غیر جانبدارانہ ریفری ججنگ کھیل کی ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتی ہے، ایسے تربیتی کورسز کے انعقاد سے نہ صرف کوچز اور آفیشلز کی استعداد کار میں اضافہ ہوتا ہے بلکہ نوجوان کھلاڑیوں کو بھی بہتر تربیتی ماحول میسر آتا ہے

بقیہ 6

دکانی بابا چوک، بروری روڈ، ائیر پورٹ روڈ، شہباز ٹاؤن اور جناح ٹاؤن میں کارروائی کرتے ہوئے 13 گداگروں کو تحویل میں لے لیا جن میں 5 مرد اور 9 خواتین شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ ویسٹ کی جانب سے آئندہ بھی عوامی مقامات پر گداگری کے تدارک کیلئے یہ مشترکہ کارروائیاں جاری رہیں گی۔

بقیہ 7

حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن وامان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دباؤ کو فروغ دیا، جس کے منفی اثرات آج بھی پوری دنیا کو بھگتنا پڑ رہے ہیں، پاکستان میں جاری شورش اور بدامنی کے حوالے سے بھی امریکہ کی پالیسیوں اور خطے میں اس کے تزویراتی مفادات کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، عالمی طاقتوں کو طاقت کے بجائے انصاف، خودمختاری اور باہمی احترام کے اصولوں کو ترجیح دینا ہوگی، فلسطین، افغانستان، مشرقِ وسطیٰ اور دیگر خطوں میں جاری بحرانوں کا مستقل حل طاقت کے استعمال کے بجائے سیاسی، سفارتی اور منصفانہ طریقہ کار سے ہی ممکن ہے

بقیہ 8

کا دورہ کیا اور وہاں واقع ڈیری فارمز میں صفائی اور نکاسی آب کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران بعض مقامات پر مویشیوں کا فضلہ، باقیات اور دیگر کچرا نالیوں میں پھینکے جانے کا مشاہدہ ہوا، جس سے نالیوں میں رکاوٹ اور گندے پانی کے سڑکوں پر آنے کا مسئلہ پیدا ہو سکتا ہے۔ کارروائی کے دوران 12 افراد کو گرفتار کیا گیا، جبکہ ڈیری فارمز کے مالکان کو نالیوں میں کسی قسم کا فضلہ یا کچرا نہ پھینکنے کی ہدایت کی گئی اور متعلقہ مالکان کی جانب سے تحریری حلف نامے جمع کروائے گئے کہ وہ آئندہ اس عمل سے گریز کریں گے اور میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ و ضلعی انتظامیہ کی ہدایات پر مکمل عملدرآمد کریں گے۔ انتظامیہ واضح کرتا ہے کہ شہر کی صفائی اور نکاسی آب کا نظام بہتر رکھنا مشترکہ ذمہ داری ہے اور اس حوالے سے قوانین اور انتظامی ہدایات کی خلاف ورزی پر کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 9

، سماجی اور دیگر شعبوں سے تعلق رکھنے والی اہم شخصیات نے شرکت کی۔ تقریب میں راجہ مظہر، ندیم نذیر، آصف عبدالکریم، عدنان تھی، تیمور بٹ، عمار تھی، سمیر ہاشمی، ارحم عدنان، اسد زکریا، احسن صدیقی، ذیشان، احمد اور دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ ہائی ٹی کے موقع پر ٹرائیبیکا پروجیکٹ کے حوالے سے شرکاء اور شہریوں کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی، جبکہ پروجیکٹ کی لوکیشن، رہائشی سہولیات، جدید طرز تعمیر اور اپارٹمنٹس کی قیمتوں کے حوالے سے شرکاء نے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ تقریب کے دوران شہریوں کی جانب سے بڑی تعداد میں اپارٹمنٹس کی بکنگ کرائی گئی، جس سے پروجیکٹ پر عوام کے اعتماد اور دلچسپی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ اس موقع پر معروف بزنس مین رہنما ذکر محتی، تیمور بٹ، عدنان تھی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ٹرائیبیکا پروجیکٹ انتہائی اچھی اور موزوں لوکیشن پر قائم کیا جا رہا ہے

بقیہ 10

سہولیات کی بہتری کے لیے جاری اقدامات کے سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام نے گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گنز کا دورہ کیا۔ جہاں پر انہوں نے اسکول میں طالبات کی حاضری، تدریسی عمل، کلسٹر بجٹ کے استعمال اور جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا، جبکہ طلبہ سے ملاقات کر کے ان کے تعلیمی مسائل اور ضروریات کے بارے میں بھی معلومات حاصل کیں۔ اسسٹنٹ کمشنر نے اسکول میں زیر تعمیر اضافی کلاس رومز کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ تعمیراتی کام میں مقررہ معیار اور شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے منصوبہ بروقت مکمل کیا جائے

بقیہ 11

زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی وزیر اور ڈسٹرکٹ فوکل پرسن نے جاں بحق کانکنوں کے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سانحے سے وہ خود بھی غمزدہ ہیں۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ انہوں نے زخمی کانکنوں کی جلد صحت یابی کے لیے بھی دعا کی اور امید ظاہر کی کہ زخمی جلد روبہ صحت ہو کر اپنے گھروں کو لوٹیں گے۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے ضلعی انتظامیہ اور مائنز ڈیپارٹمنٹ کے حکام کو ہدایت کی کہ وہ کوئلہ کانوں میں پیش آنے والے حادثات کو روکنے کے لیے سیفٹی کے خصوصی اقدامات کو یقینی بنائیں

بقیہ 12

کو اجاگر کرنے کے عزم کے تحت میر ارشد کلمتی کے زیرِ اہتمام اور میر عبدالغفور کلمتی فٹبال اکیڈمی کے تعاون سے جاری میر کلمتی انٹر ایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول 2026 کے چھٹے اور ساتویں روز بھی مختلف کھیلوں کے مقابلے بھرپور جوش و خروش سے جاری رہے۔ فیسٹیول کے چھٹے روز سورگ دل فٹبال اسٹیڈیم گوادر میں گورنمنٹ بوائز ہائی اسکول گھٹی ڈھور گوادر اور دارالعلوم پبلک اسکول گوادر کے درمیان دلچسپ فٹبال مقابلہ کھیلا گیا۔ دونوں ٹیموں نے بہترین کھیل اور بھرپور جذبے کا مظاہرہ کیا، تاہم دارالعلوم پبلک اسکول نے فیصلہ کن گول اسکور کرتے ہوئے مقابلہ 1-0 سے اپنے نام کر لیا۔ اس موقع پر مہمانِ خصوصی پرنسپل دارالعلوم پبلک سیکنڈری اسکول گوادر قاسم بلوچ سمیت اسپورٹس فیسٹیول کمیٹی کے ارکان، اساتذہ اور دیگر معززین موجود تھے، جنہوں نے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی اور فیسٹیول کے انعقاد کو سراہا۔ میچ میں شاہ زمان نے ریفری جبکہ واحد حاجی اور انیس کریم نے اسسٹنٹ ریفریز کے فرائض انجام دیے۔ فیسٹیول کے ساتویں روز گرلز ایونٹ میں کرکٹ کے دوسنسنی خیز سیمی فائنل کھیلے گئے۔ پہلے سیمی فائنل میں گورنمنٹ گرلز ہائیر سیکنڈری اسکول گوادر نے بحریہ ماڈل کالج گوادر کو شکست دے کر فائنل میں جگہ بنائی، جبکہ دوسرے سیمی فائنل میں گوادر گرامر اسکول نے نیو ٹاؤن گرائمر اسکول کو شکست دے کر فائنل کے لیے کوالیفائی کیا۔ دونوں فاتح ٹیمیں پیر کو فائنل میں مدمقابل ہوں گی

بقیہ 13

مکسی نے کہا کہ مہم کا مقصد والدین میں بچوں کی صحت، صفائی اور حفاظتی ویکسینیشن کے حوالے سے شعور اجاگر کرنا ہے۔ پیدائش سے 5 سال تک کے بچوں کو ڈی ورمنگ گولیاں اور ضروری ویکسین فراہم کی جائیں گی، جبکہ 14 سے 49 سال تک کی خواتین کو ٹی ڈی ویکسین اور بچوں کو ڈفتھیریا سے بچاؤ کی ویکسین بھی دی جائے گی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ وہ اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو ویکسین اور حفاظتی سہولیات ضرور دلوائیں اور محکمہ صحت کی ٹیموں سے بھرپور تعاون کریں، کیونکہ صحت مند بچے ہی خوشحال خاندان اور مضبوط معاشرے کی بنیاد ہیں۔

بقیہ 14

کہ کسی بھی ٹھیکیدار کی حق تلفی نہ ہو اور مطلوبہ شرائط پر پورا اترنے والے ٹھیکیداروں کو ترقیاتی کاموں کے آرڈر جاری کیے گئے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ڈی جی لوکل گورنمنٹ کے دفتر میں ٹینڈر اوپن کرنے کے موقع پر ٹھیکیداروں سے بات چیت کرتے ہوئے کہی اس موقع پر اسسٹنٹ انجینئر احسان نذیر بھی موجود تھے بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں ترقیاتی کاموں کیلئے ٹینڈرز شفاف طریقے سے اوپن کردیئے گئے ہیں ٹینڈر حاصل کرنے والے ٹھیکیداروں کو سختی سے ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے کام کو معیار اور مقررہ وقت میں مکمل کریں۔ نثار احمد بگٹی نے کہا کہ سیکرٹری بلدیات رؤف بلوچ اور ڈی جی لوکل گورنمنٹ ایوب قریشی نے سختی سے ہدایات جاری کی ہیں کہ ٹینڈرنگ کے عملے کو شفاف بنایا جائے اور آج بلوچستان کے مختلف ڈسٹرکٹ میں کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا

بقیہ 15

پی لورالائی ڈاکٹر فہد احمد، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) علی نواز جمالی، ایس ڈی پی او محمد اعظم، محکمہ ایکسائز و اینٹی نارکوٹکس اور دیگر متعلقہ محکموں سمیت قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران ضلع بھر میں بھنگ کی ممکنہ کاشت کی نشاندہی کے لیے کیے گئے سروے، مختلف علاقوں سے موصول ہونے والی رپورٹس اور متعلقہ اداروں کی جانب سے پیش کردہ اعداد و شمار کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بھنگ کی کاشت کے خلاف اب تک کی گئی کارروائیوں اور درپیش مشکلات سے بھی آگاہ کیا گیا اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد حبیب شجاع نے واضح کیا کہ ضلع لورالائی میں منشیات خصوصاً بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کی درست اور مکمل نشاندہی کے لیے سروے کا عمل ہر صورت مقررہ وقت میں مکمل کیا جائے اور سروے کے اعداد و شمار کی تصدیق کو بھی یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے تمام متعلقہ محکمے باہمی رابطے اور مؤثر حکمت عملی کے تحت کارروائیاں کریں، جبکہ جہاں بھنگ کی فصل موجود ہونے کی نشاندہی ہو وہاں قانون کے مطابق فوری اور مؤثر کارروائی عمل میں لائی جائے

بقیہ 16

ہیلتھ ورکرز اور محکمہ صحت کے اہلکاروں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس موقع پر ڈی ایچ او کے فوکل پرسن ڈاکٹر محمد عزیز نے شرکاء کو مہم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی اور مہم کے اغراض و مقاصد، ویکسینیشن کے طریقہ کار اور بچوں و خواتین کو فراہم کی جانے والی سہولیات سے آگاہ کیا۔ ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر دکی ڈاکٹر بہادر خان لونی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 14 سے 19 ستمبر تک جاری رہنے والی مہم کے دوران بچوں اور خواتین کی صحت کے حوالے سے خصوصی اقدامات کیے جائیں گے۔ انہوں نے بتایا کہ 5 سال تک کی عمر کے بچوں کو ڈی ورمنگ کی گولیاں دی جائیں گی، جبکہ پیدائش سے لے کر 5 سال تک کی عمر کے بچوں کی حفاظتی ویکسینیشن کی جائے گی۔ اس کے علاوہ 14 سے 49 سال تک کی خواتین کو بھی حفاظتی ویکسین لگائی جائے گی، جبکہ ویکسین سے محروم رہ جانے والے بچوں (ڈیفالٹر بچوں) کو بھی تلاش کر کے ان کی ویکسینیشن مکمل کی جائے گی۔ ڈاکٹر بہادر خان لونی نے کہا کہ "صحت مند بچے، خوشحال خاندان اور مضبوط پاکستان" ہمارا مقصد ہے۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ محکمہ صحت کی ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں اور اپنے بچوں کو پیدائش سے 5 سال تک تمام حفاظتی ویکسین لازمی لگوائیں

بقیہ 17

کے اراکین نے مختلف امور پر اپنی تجاویز پیش کیں، جن پر تفصیلی مشاورت کے بعد اہم جماعتی فیصلے کیے گئے، اجلاس میں امیر مولانا امان اللہ حقانی، جنرل سیکرٹری قاری سلطان احمد سلطانی، مولوی نعمت اللہ جمالی، حافظ نثار احمد محمد حسنی، حافظ محمد عثمان رند، مولانا محمد انور سجاد مینگل، سائیں محمد عالم جمالی، حافظ نصر اللہ زہری، استاد دین محمد مگسی، ڈاکٹر محمد صالح مینگل، علی گل رند، حافظ یاسین جتک، حافظ عبدالفتاح پندرانی سمیت دیگر اراکین نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے جے یو آئی تحصیل گنداخہ کے امیر مولانا امان اللہ حقانی، جنرل سیکرٹری قاری سلطان احمد سلطانی اور دیگر رہنماؤں نے کہا کہ جمعیت علمائے اسلام ایک ملک گیر دینی و سیاسی جماعت ہے، جو ہمیشہ عوامی مسائل کی نشاندہی، بنیادی حقوق کے تحفظ اور عوام کو درپیش مشکلات کے حل کے لیے ہر فورم پر مؤثر آواز بلند کرتی رہی ہے، انہوں نے کہا کہ تحصیل گنداخہ کے ٹیل کے علاقوں میں گزشتہ کئی ماہ سے پانی کا سنگین بحران جاری ہے، جس کے باعث زراعت، پینے کے پانی اور معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ پانی کی عدم دستیابی سے ٹیل کے علاقوں کے عوام شدید مشکلات کا شکار ہیں اور انہیں فوری ریلیف کی ضرورت ہے۔

بقیہ 18

جھالاوان، بالخصوص زہری میں قیام امن اور روزمرہ زندگی کی بحالی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے خطے میں پائیدار امن کے قیام اور معمولات زندگی کو مزید بہتر بنانے کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر وفود سے گفتگو کرتے ہوئے صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں پائیدار امن کے قیام کے لیے صوبائی حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے۔ علاقائی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے قبائلی عمائدین کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ جھالاوان مزید سانحات اور افسوسناک واقعات کا متحمل نہیں ہو سکتا۔ حکومت قیام امن کے لیے قبائلی عمائدین اور شہریوں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کرے گی اور علاقے میں امن و استحکام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری نے کہا کہ زہری میں تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی میں مقامی عمائدین کو بڑھ چڑھ کر حصہ لینا ہوگا

بقیہ 19

کے بیان کو سیاق و سباق سے ہٹ کر اور توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں بابر یوسفزئی نے بی بی سی اردو کی رپورٹ کی مذمت کرتے ہوئے اسے مسترد کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان گزشتہ روز سینئر صحافیوں سے ویڈیو لنک کے ذریعے گفتگو کر رہے تھے اور وہ خود بھی اس اجلاس میں موجود تھے، تاہم وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے دوران ایسی کوئی بات نہیں کی جو رپورٹ میں پیش کی گئی ہے۔ معاون خصوصی نے کہا کہ خضدار کے ایک واقعے سے متعلق سوال پر وزیر اعلیٰ بلوچستان نے تفصیل سے بتایا کہ دہشتگرد کس طرح گرے ایریا میں آ کر دہشتگردی کی کارروائیاں کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشتگرد عوام کو نقصان پہنچاتے ہیں جبکہ سیکیورٹی فورسز کے لیے عوام کی حفاظت پہلی ترجیح ہے۔ بابر یوسفزئی نے کہا کہ عوام اب دہشتگرد عناصر کی حمایت نہیں کرتے اور سیکیورٹی فورسز عوام کے تحفظ کے لیے اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہی ہیں۔ انہوں نے ایک بار پھر واضح کیا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے بیان کو سیاق و سباق سے ہٹ کر پیش کیا گیا، جس کے باعث اصل مؤقف کے بارے میں غلط تاثر پیدا ہوا۔ انہوں نے بی بی سی اردو سے متعلق رپورٹ کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ حقائق کو مکمل تناظر کے ساتھ پیش کیا جانا چاہیے۔

بقیہ 20

کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی نگرانی میں ایس ایچ او رکھنی ایس آئی توقیر شاہ نے پولیس پارٹی کے ہمراہ نیشنل ہائی وے پر دوران چیکنگ ٹرک نمبر TKB/147 کو روک کر تلاشی لی۔ پولیس کے مطابق ٹرک میں بنائے گئے خفیہ خانوں سے 29 کلو 600 گرام چرس جبکہ 7 کلو 55 گرام آئس رشیشہ برآمد کیا گیا۔ پولیس نے برآمد شدہ منشیات قبضے میں لے کر مبینہ ملزمان محمد ہاشم اور ولی محمد کے خلاف مقدمہ درج کر لیا ہے، جبکہ واقعے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ پولیس حکام نے کہا ہے کہ منشیات کے مکروہ کاروبار میں ملوث عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید مؤثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 21

، تشدد اور نفرت کو مسترد کرنا ہوگا جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا ہماری اصل طاقت اتحاد، تعلیم، محنت، شعور اور اپنے وطن سے محبت ہے نوجوانوں کو چاہیے کہ وہ قلم کو اپنا ہتھیار بنائیں، تعلیم حاصل کریں اور پارلیمانی و جمہوری جدوجہد کے ذریعے ملک اور قوم کی تقدیر بدلنے میں اپنا کردار ادا کریں میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ دنیا کے ترقی یافتہ ممالک کو دیکھیں جہاں عوام اپنی ریاست اور آئینی اداروں کے ساتھ کھڑے ہو کر ترقی کی منازل طے کر رہے ہیں د

بقیہ 22

یونیورسٹی سائنسز، نیشنل رورل سپورٹ پروگرام، اور پیپلز پرائمری ہیلتھ کیئر انیشی ایٹو شامل ہیں۔ انٹرن شپ کی کامیاب تکمیل پر کچھ تھیلیسیمیا کیئر سینٹر کے چیئرمین ارشاد عارف اور سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کے حکام امتیاز بخی، محمد عیسیٰ اور شاکر علی شاکر نے طلبہ میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے۔ اس موقع پر پرو وائس چانسلر ڈاکٹر کمال احمد، ڈین فیکلٹی آف سوشل سائنسز ڈاکٹر طاہر حکیم اور چیئرمین شعبہ سوشیالوجی ڈاکٹر نادل بلوچ نے ان تمام اداروں کے سربراہان کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے انٹرن شپ کے دوران جامعہ کے طلبہ کے ساتھ تعاون کیا

بقیہ 23

بوری گندم کی خریداری کی منظوری دی ہے، حکومت کے پاس سرکاری گودام میں گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔ محکمہ اجناس کا کہنا ہے کہ منظوری کے باوجود تاحال محکمہ خزانہ نے پیسے ریلیز نہیں کیے۔ دوسری جانب حکام کا کہنا ہے کہ فنڈز کی دستیابی کے ساتھ ہی پاسکو سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائے گی۔ گندم کی خریداری اور مقامی گوداموں میں ترسیل کیلئے ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔

بقیہ 24

سرکاری گوداموں میں اس وقت گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5 لاکھ بوری گندم کی خریداری کی منظوری دے دی ہے، تاہم منظوری کے باوجود محکمہ خزانہ کی جانب سے تاحال مطلوبہ فنڈز جاری نہیں کیے گئے۔ حکام کا کہنا ہے کہ فنڈز دستیاب ہوتے ہی پاکستان ایگریکلچر اسٹوریج اینڈ سروسز کارپوریشن سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائے گی۔ تاہم گندم کی خریداری کے بعد اسے مقامی سرکاری گوداموں تک پہنچانے میں تقریباً ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔ حکام کے مطابق گندم کے ذخائر کی عدم دستیابی کے باعث بروقت خریداری اور ترسیل ضروری ہے تاکہ صوبے میں ممکنہ گندم اور آٹے کے بحران سے بچا جا سکے۔

بقیہ 25

ایلیٹ، نیو سن رائز لائنز کلب، جیسمین لائنز کلب، سہارا لائنز کلب، نیو ہارمنی اور پی اے سی سی کے تعاون سے شانِ جشن عید میلاد النبی ﷺ کی بابرکت محفل کا انعقاد کیا گیا اس موقع پر پروگرام آرگنائزر و چیئر پرسن ریجن تہور رضا شبنم سہیل نے پروگرام کی میزبانی کے فرائض انجام دیے، جبکہ ریجن چیئرمین ریجن ایلیٹ سلطان محمود نے معزز مہمانوں اور شرکائے محفل کو خوش آمدید کہتے ہوئے استقبالیہ کلمات ادا کیے۔ بابرکت محفل میں لائنز کلب سے تعلق رکھنے والے ممبران، پی اے سی سی کے اراکین اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی محفل کے دوران نعت رسول مقبول ﷺ پیش کی گئی اور مقررین نے حضور اکرم ﷺ کی سیرت طیبہ، حسنِ اخلاق، صبر، برداشت، عدل و انصاف اور انسانیت سے محبت کے روشن پہلوؤں پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین نے کہا کہ نبی کریم ﷺ کی حیاتِ مبارکہ پوری انسانیت کے لیے بہترین نمونہ ہے اور ہمیں اپنی عملی زندگی میں آپ ﷺ کی تعلیمات کو اپنانا چاہیے دیگر مقررین میں پی سی سی لائین سید ظفر اقبال اور عباس حسین شامل تھے، جنہوں نے اسوہ رسول ﷺ کے مختلف پہلوؤں پر اظہار خیال کیا

بقیہ 26

کے دوران مزاحمت پر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے پولیس کے مطابق زخمی کو سول اسپتال بھاگ منتقل کر دیا گیا ڈیرہ مراد جمالی کے قریب پولیس تھانہ میر حسن کی حدود میر حسن روڈ پر مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر نور الدین بروہی سے موٹر سائیکل ڈیڑھ لاکھ روپے نقدی دو موبائل فون و دیگر سامان لوٹ کر فرار ہو گئے پولیس تھانہ ڈیرہ اللہ یار کی حدود سبزی منڈی سے نامعلوم مسلح چور عبدالغفار گولہ کی موٹر سائیکل چوری کر کے فرار ہو گئے پولیس تھانہ اوستہ محمد کی حدود خانپور پل کے مقام پر نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے اسلحے کے زور پر حاکم علی عمرانی سے موٹر سائیکل پچاس ہزار روپے نقدی موبائل و دیگر سامان چھین لیا مزاحمت کرنے پر فائرنگ کر کے ان کو زخمی کر دیا اور فرار ہو گئے زخمی کو سول اسپتال اوستہ محمد منتقل کر دیا گیا

بقیہ 27

جائے گا کارکنوں کے ساتھ رابطوں کو مزید مؤثر اور یونٹ، یوسی، تحصیل، ضلع اور ڈویژن کی سطح پر پارٹی تنظیم کو فعال کرنے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں ان کے جائز مسائل کو ہر صورت حل کیا جائے گا۔ یہ بات انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی ایگزیکٹیو، صوبائی کونسل، ڈویژنل، ضلعی اور بلوچستان کے تمام ونگز اور فورمز کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس سے ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، ثناء اللہ جتک، سردار خیر محمد ترین، نصیب اللہ اچکزئی، نعیم بلوچ، اختر بلوچ، ارباب اسد کاسی، سردار سرور سلیمان خیل، شہزادہ کاکڑ، شاہجہان گجر، نذر کاکڑ، ایم طاہر موسیٰ خیل، انجینئر احسان، امتیاز جتک، عبدالغفور جعفر، اکرم گل، رحمت اللہ کدیزئی، اقلیتی ونگ کے جعفر جارج سمیت ڈویژنل و ضلعی عہدیداروں اور صوبائی کونسل کے ممبران نے خطاب کیا

بقیہ 28

جانے والی تدریسی سہولیات اساتذہ کی حاضری اور تدریسی عمل کے معیار کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خواتین اور بچیوں کا تعلیم یافتہ ہونا نہایت ضروری ہے ایک تعلیم یافتہ لڑکی نہ صرف اپنے خاندان بلکہ پورے معاشرے کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی اور ان کے لیے بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے اساتذہ کرام پر زور دیا کہ وہ اپنی ذمہ داریاں پوری دلجمعی محنت اور احساسِ ذمہ داری کے ساتھ انجام دیں اور طالبات کی تعلیمی استعداد کار کو بہتر بنانے کے لیے مؤثر تدریسی طریقہ کار اختیار کریں انہوں نے کہا کہ اساتذہ کا کردار صرف نصابی تعلیم تک محدود نہیں بلکہ طالبات کی شخصیت سازی اخلاقی تربیت اور ان میں خود اعتمادی پیدا کرنے میں بھی کلیدی حیثیت رکھتا ہے ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ طالبات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور ضروری رہنمائی فراہم کی جائے

بقیہ 29

بلوچستان کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے۔ عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے اور حلقہ انتخاب کی ترقی و خوشحالی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اوستہ محمد سمیت حلقہ انتخاب جلد ترقی کی نئی منزلیں طے کرے گا اور عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردار زادہ فیصل خان جمالی نے یو این اے سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ پیپلز پارٹی ہمیشہ عوام کے حقوق اور ان کے مسائل کے حل کے لیے عملی جدوجہد کرتی رہی ہے، آئندہ بھی عوام کو تنہا نہیں چھوڑیں گے

بقیہ 30

کارروائیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن کارپوریشن کے متعلقہ شعبوں نے شہر کے مختلف علاقوں میں بلڈنگ قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی عمارتوں کے خلاف کارروائی کا سلسلہ شروع کر رکھا ہے تفصیلات کے مطابق چیف آرکیٹیکٹ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ اشفاق بادینی اور میٹروپولیٹن مجسٹریٹ (بلڈنگز) نوید بلوچ کی سربراہی میں نیو سبزل روڈ (سی پیک روڈ) اور اے ون سٹی میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائی کی گئی۔ کارروائی کے دوران میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی منظوری اور این او سی کے بغیر تعمیر کی جانے والی یا بلڈنگ کنٹرول قوانین کی خلاف ورزی کرنے والی 11 عمارتوں، پلازوں اور دکانوں کو سیل کر دیا گیا کارروائی کے دوران حکام نے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث 7 افراد کو گرفتار بھی کیا، جبکہ قواعد و ضوابط کی خلاف ورزی کرتے ہوئے تعمیر کیے گئے بعض حصوں کو موقع پر ہی مسمار کر دیا گیا۔

بقیہ 31

جائے گی۔ روسی میڈیا کے مطابق ایران نے ثالثوں کے ذریعے امریکا کو سات شرائط پیش کی ہیں، ان شرائط کی تفصیل ظاہر نہیں کی گئی۔ روسی میڈیا کے مطابق اتنا کہا گیا ہے کہ ایران نے امریکا پر واضح کیا ہے کہ شرائط پوری نہ ہوئیں تو آبنائے ہرمز نہیں کھولی جائے گی۔ ایران کی وزارت خارجہ کا کہنا تھا کہ تہران پیر کو مسقط میں اجلاس کی میزبانی کرے گا جس میں عراق اور خلیجی ممالک کے مندوبین بھی شرکت کریں گے۔ ان ممالک کو دعوت دینے کا مقصد انہیں نئے رستہ کی تفصیل اور ٹرانزٹ کے انتظامات سے آگاہی دینا بتایا گیا ہے۔۔۔ آبنائے ہرمز میں ایک تجارتی جہاز کو نشانہ بنائے جانے کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور تین زخمی ہو گئے۔ ایرانی حکام کے مطابق واقعہ اتوار کی صبح جزیرہ ہینگم اور قشم کے ساحل کے قریب پیش آیا۔ قشم کے گورنر امیر تیموری کے مطابق تجارتی جہاز کو صبح تقریباً 5 بجے نشانہ بنایا گیا۔ انہوں نے حملے کی نوعیت یا ذمہ دار کے بارے میں کوئی تفصیل نہیں بتائی۔ برطانوی میری ٹائم ایجنسی نے بھی جہاز کو ایک نامعلوم پروجیکٹائل لگنے کی اطلاع دی، تاہم نقصان اور عملے کی مکمل صورتحال فوری طور پر واضح نہیں تھی۔ ایرانی حکام کے مطابق واقعے سے قبل قشم کے اطراف رات کے وقت متعدد دھماکوں کی آوازیں بھی سنی گئی تھیں۔۔۔۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز ایجنسی نے کہا ہے کہ اتوار کی صبح آبنائے ہرمز میں ایک بحری جہاز پر میزائل حملہ ہوا ہے۔ فوری طور پر عملے اور جہاز کو پہنچنے والے ممکنہ نقصان کے بارے میں کچھ معلوم نہیں ہو سکا۔ برطانوی میری ٹائم ٹریڈ آپریشنز اتھارٹی نے خطے سے گزرنے والے بحری جہازوں کو محتاط رہنے اور کسی بھی مشکوک سرگرمی کی اطلاع اتھارٹی کو دینے کی ہدایت کی ہے۔ اتھارٹی نے کہا کہ حکام واقعے کی تحقیقات جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اتھارٹی نے اپنے انتباہ میں واقعے کو حملہ قرار دیتے ہوئے بتایا کہ اسے 12 ستمبر کو عالمی وقت کے مطابق رات 11 بجے واقعے کی اطلاع موصول ہوئی۔۔۔۔ ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران سعودی عرب کے ساتھ حالت جنگ میں نہیں ہے، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ خطے کے تمام ممالک کو ایک میز پر بیٹھ کر خطے میں امن اور سلامتی قائم کرنی چاہیے۔ آج (پیر کو) مسقط میں آبنائے ہرمز پر ایران اور عمان کے درمیان متوقع معاہدے کے بارے میں ایرانی صدر نے کہا کہ اجلاس میں وہ تمام ممالک شریک ہوں گے جن کی سرزمین سے ایران پر حملہ کیا گیا تھا۔۔۔۔ ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کے ایک اعلیٰ عہدیدار نے امریکی جنگی جہازوں کو آبنائے ہرمز کے قریب آنے سے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ امریکی بحری جہازوں نے اگر اس علاقے کی جانب پیش قدمی کی تو ایرانی فورسز کی جانب سے جواب دیا جائے گا۔ ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق پاسداران انقلاب کی بحریہ کے نائب سیاسی کمانڈر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے اس دعوے کو چیلنج کیا کہ امریکا آبنائے ہرمز کو کنٹرول کرتا ہے۔ ایرانی عہدیدار نے کہا کہ اگر آبنائے ہرمز واقعی امریکی کنٹرول میں ہے تو واشنگٹن اپنا کوئی جنگی جہاز اس کے 100 کلومیٹر کے اندر لا کر دکھائے

بقیہ 32

جو ہمارے لیے قابل قبول نہ ہو۔ ذرائع ابلاغ کے مطابق آئرلینڈ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے صدر ٹرمپ نے کہا کہ ایران کبھی جوہری ہتھیار حاصل نہیں کر سکتا اور ایران امریکا کے ساتھ معاہدہ کرنے کے لیے بے تاب ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر امریکی نمائندے ایرانی حکام سے ملاقات کریں تو انہیں اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا۔ یوکرین کے معاملے پر بات کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ ان کی یوکرینی صدر ولودیمیر زیلنسکی سے بھی گفتگو ہوئی ہے۔ انہوں نے زیلنسکی پر زور دیا کہ روس میں تیل کی تنصیبات کو نشانہ بنانا بند کرنا ہوگا

بقیہ 33

ہوا ہے، ہمارے رہبر اعلیٰ زندہ ہیں۔ ایک انٹرویو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ جنگ ہم نے نہیں امریکا اسرائیل نے شروع کی، ہم اس جنگ میں اپنا دفاع کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جنگ کے خواہاں نہیں، ہمیں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) یا خطے کے کسی اور ملک سے کوئی مسئلہ نہیں، خطے کے ممالک ہمارے بھائی ہیں۔ ایرانی صدر نے مزید کہا کہ ہمیں خطے کے ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں سے مسئلہ ہے، جہاں سے ایران پر حملے ہوتے ہیں، یہ امریکا ہے جو ہمارے خطے میں داخل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دوست پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ ہم خطے کے

ٹرائیبیکا کے تحت ڈیفنس فیز 8 میں منعقدہ ہائی ٹی تقریب کے موقع پر راجہ مظہر، ندیم نذیر، آصف عبدالکریم، عدنان تہمی، تیمور بٹ، عمار تہمی، سمیر ہاشمی، ارحم عدنان، اسد زکریا، احسن صدیقی، ذیشان، احمد اور دیگر کا گروپ فوٹو۔

ٹرائیبیکا کے زیر اہتمام پروقار ہائی ٹی کا انعقاد

اچھی لوکیشن پر کم قیمت میں لگژری اپارٹمنٹس کی فراہمی ہمارا مقصد ہے، عدنان تہمی، تیمور بٹ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹرائیبیکا کے زیر اہتمام ڈیفنس فیز 8 میں پروقار ہائی ٹی کا انعقاد کیا گیا، جس میں معروف صنعتکار اور ڈیفنس کلفٹن کے تاجر رہنما زکر مختی سمیت کاروباری (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

اسسٹنٹ کمشنر جیوانی کا گورنمنٹ گرلز مڈل اسکول گنز کا دورہ

اسکول میں طالبات کی حاضری، تدریسی عمل، کلسٹر بجٹ کے استعمال اور جاری تعلیمی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

گوادر (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی تعلیمی پالیسی کے تحت سرکاری تعلیمی اداروں میں تعلیمی معیار، طلبہ و طالبات کی حاضری، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور بنیادی (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایات پر پولیسنگ نظام کو بہتر بنانے کیلئے اوستہ محمد پولیس کو 16 نئی 125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئی

20 ستمبر کا اسلام آباد لانگ مارچ وقت کی اہم ضرورت ہے، ہدایت الرحمن بلوچ

بلوچستان کے عوام کی سب سے بنیادی ضرورت امن ہے، صوبے کے وسائل پر سب سے پہلا حق بلوچستان کے عوام کا ہے

جماعت اسلامی عوام کو درپیش مشکلات، ناانصافی اور ظلم کے خلاف ہر سطح پر جمہوری مزاحمت اور جدوجہد جاری رکھے گی

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات پر لیوی کے نام پر بھتہ خوری، بلوچستان میں بدامنی، دہشت گردی، بارڈرز اور شاہراہوں کی بندش کے خلاف آج بھی صرف جماعت اسلامی ملک (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

جھالاوان میں دہشت اور واقعات کا متحمل نہیں ہو سکتا، نوابزادہ میر حمزہ زہری

علاقائی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کے لیے قبائلی عمائدین کو بھی اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا

زہری میں پائیدار امن، تعلیم، صحت اور کاروباری سرگرمیوں کی بحالی کے لیے حکومت ہر ممکن تعاون کرے گی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور صوبائی مشیر بلدیات و دیہی ترقی نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری سے زہری سمیت جھالاوان کے قبائلی عمائدین، سیاسی اکابرین اور پاکستان پیپلزپارٹی کے رہنماؤں پر مشتمل وفود نے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے ہمراہ کاروباری برادری کا گروپ فوٹو

کوئٹہ، غیر قانونی تعمیرات کے خلاف سخت کریک ڈاؤن، 11 عمارتیں سیل

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے بلڈنگ کنٹرول قوانین کے مؤثر نفاذ، محفوظ اور قانونی تعمیرات کو یقینی بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے وژن کے تحت کوئٹہ میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے شہر میں پولیس گشت کا نظام مزید بہتر ہوگا، حافظ معاذ الرحمن

جرائم کی روک تھام، بروقت پولیس رسپانس اور عوام کے تحفظ میں مدد ملے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے نظام میں جدت، فعال اور مستحکم بنانے اور گشت کے نظام کو مزید مؤثر و فعالیت کے لئے اوستہ محمد اور نصیرآباد پولیس کو مجموعی طور پر 31 نئی CG-125 موٹر (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

جعفرآباد، غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفرآباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جعفرآباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار صحبت پور چوک پر قائم پرائیویٹ کلینک میں ایک عطائی ڈاکٹر نے بخار کے لیے ایک آٹھ سالہ بچے کو انجکشن لگایا

سونارو واقعے پر بی بی سی اردو کی رپورٹ سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کی گئی، بابر یوسفزئی

وزیراعلیٰ نے ایسی کوئی بات نہیں کی، دہشتگرد عوام کو نقصان پہنچاتے ہیں

کوئٹہ (یو این اے) معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے خضدار کے علاقے سونارو میں پیش آنے والے واقعے سے متعلق بی بی سی اردو کی رپورٹ پر وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ بی بی سی اردو کی ویب سائٹ پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جاسکتا، نور محمد دمڑ

کانوں میں کام کرنے والے مزدوروں کی حفاظت کے لیے تمام ضروری اقدامات فوری طور پر مکمل کیے جائیں

زیارت (خ ن): صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی کے علاقے شاہرگ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق اور 5 کے (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

بارکھان، ٹرک کے خفیہ خانوں سے 29 کلوگرام سے زائد چرس اور 7 کلوگرام آئس شیشہ برآمد

بارکھان (خ ن) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

محدود بجٹ کے باوجود مختلف وارڈز میں ترقیاتی کام جاری ہیں، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

گنداخہ (یو این اے) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور وائس چیئرمین شہروز خان جمالی نے کہا ہے کہ محدود بجٹ کے باوجود میونسپل کمیٹی گنداخہ کے مختلف وارڈز میں ترقیاتی کاموں اور عوامی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے

میر کلمتی انٹرایجوکیشنل اسکول اسپورٹس فیسٹیول 2026

چھٹے اور ساتویں روز بھی مختلف کھیلوں کے مقابلے بھرپور جوش وخروش سے جاری رہے

گوادر (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی کھیل دوست پالیسی، نوجوانوں کو صحت مند و مثبت سرگرمیوں کے مواقع کی فراہمی اور کھیلوں کے ذریعے طلبہ و طالبات کی صلاحیتوں (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)



مذاکرات سے انکار نہیں کیا، بندوق کے زور پر مذاکرات نہیں ہوں گے، میر ضیاء لانگو

جو عناصر ہمارے امن کو تباہ، عوام کو تقسیم اور معصوم جانوں کو نقصان پہنچانا چاہتے ہیں، ان کے عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دیا جائے گا

ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں مل کر دہشت گردی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر)

سوشیالوجی طلبہ کی بلوچستان کے معروف اداروں میں عملی تربیت پر مبنی انٹرن شپ کی تکمیل

جامعہ تربت طلبہ کو عملی تربیت کی فراہمی کے لیے ٹھوس اقدامات اٹھا رہی ہے، پروفیسر ڈاکٹر گل حسن

تربت (پ ر) جامعہ تربت کے شعبہ سوشیالوجی کے سینئر طلبہ نے بلوچستان کے کئی معروف اداروں میں آٹھ ہفتوں پر مشتمل اپنی انٹرن شپ کامیابی سے مکمل کر لی ہے، جن میں کچھ تھیلیسیمیا کیئر سینٹر، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ، بلوچستان انسٹی ٹیوٹ آف سائیکاٹری اینڈ (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

حکمران تیار رہیں، قوم اپنا حساب لینے نکل پڑی ہے: ثمینہ سعید

لیوی کے خلاف احتجاج اب عوامی احتساب کی للکار بن گیا

اسلام آباد (پ ر) قائم مقام سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ثمینہ سعید نے اسلام آباد میں جماعت اسلامی کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ لیوی ٹیکس کے خاتمے کے عنوان سے شروع ہونے والا احتجاج اب ایک بھرپور عوامی تحریک (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)



☆☆☆☆☆ کوئٹہ، بنو قابل آئی ٹی لیب لورالائی افتتاحی تقریب مرکز اسلامی لورالائی سے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ، ضلعی امیر عبدالحمید ناصر، الخدمت فاؤنڈیشن صوبائی جنرل سیکرٹری عثمان خان و دیگر خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆

آٹے کی ترسیل میں رکاوٹیں دور اور نرخوں میں کمی لائی جائے، پشتونخوا میپ

مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں

پشتونخوامیپ کا آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب وسندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار

کوئٹہ (یو این اے) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب وسندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور فلور ملز کی (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

جھل مگسی، ماؤں اور بچوں کی صحت وصفائی کے حوالے سے آگاہی مہم اور واک

والدین اپنے پانچ سال تک کے بچوں کو ویکسین اور حفاظتی سہولیات ضرور دلوائیں، ڈاکٹر علی خان مگسی

جھل مگسی (نامہ نگار) صوبہ بھر کی طرح ضلع جھل مگسی میں بھی ماؤں اور بچوں کی صحت وصفائی کے حوالے سے 14 تا 19 ستمبر ہفتہ صحت منایا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ڈی ایچ او آفس اور آر ایچ سی جھل مگسی میں ڈی ایچ او ڈاکٹر علی خان مگسی اور ڈپٹی ڈی او ایچ ڈاکٹر ممتاز علی مگسی کی سربراہی میں آگاہی مہم اور واک کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر ڈی ایچ او جھل مگسی ڈاکٹر علی خان (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا

سرکاری گودام خالی، ایک بوری بھی موجود نہیں

منظوری کے باوجود تاحال محکمہ خزانہ نے پیسے ریلیز نہیں کیے، فنڈز کی دستیابی کے ساتھ ہی پاسکو سے گندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائیگی، حکام

5 لاکھ بوریاں خریدنے کی منظوری، محکمہ خزانہ سے فنڈز تاحال جاری نہ ہوسکے، گندم کی خریداری و ترسیل میں ایک ماہ لگے گا

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا ہے، محکمہ اجناس کے مطابق صوبائی حکومت کے (بقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5 لاکھ (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

شیخ نصر اللہ جان مندوخیل کی اہلیہ کی وفات پر گورنر بلوچستان کا اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) شیخ نصر اللہ جان مندوخیل کی اہلیہ، بی ای اولیڈرز اور ڈیسی سکول اینڈ کالج شیخ زاہد جان مندوخیل، شیخ خالد اور شیخ شاہد کی والدہ کی وفات پر اتوار کو انکی رہائش گاہ واقع پی ایس پی کالونی زرغون روڈ کوئٹہ کینٹ جا کر گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، صوبائی وزیر ریونیو میر عاصم کرد گیلو، سیاسی و قبائلی رہنما نوابزادہ حاجی میر لشکری رئیسانی، اے این پی کے رکن بلوچستان اسمبلی ملک نعیم بازئی، جماعت اسلامی کے رہنما مولانا عبدالمتین اخندزادہ، مولانا انوار الحق حقانی امان اللہ ناصر سمیت قبائلی و سیاسی رہنماؤں اور مختلف مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد نے تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

میرٹ پر ٹھیکیداروں کو ٹینڈر جاری کئے جائیں گے، نثار احمد بگٹی

لوکل گورنمنٹ میں مختلف ترقیاتی کاموں کیلئے جمع کرائے گئے ٹینڈر اوپن کئے گئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) ڈائریکٹر ٹیکنیکل ساؤتھ (پروجیکٹ کوارڈی نیٹر) نثار احمد بگٹی نے کہا ہے کہ محکمہ لوکل گورنمنٹ کے مختلف کاموں کیلئے ٹھیکیداروں نے ٹینڈر جمع کرائے تھے جنہیں ٹھیکیداروں کی موجودگی میں اوپن کیا گیا ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

سید خلیل الرحمن اور موسیٰ فرمان کے انتقال پر کاشف حیدری کا اظہار افسوس

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے روزنامہ جنگ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر و سینئر صحافی سید خلیل الرحمن اور کوئٹہ پریس کلب کے فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومین کی صحافتی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں کاشف حیدری نے کہا کہ سید خلیل الرحمن ایک منجھے ہوئے، تجربہ کار اور باوقار صحافی تھے

بلیک بیلٹ فورتھ ڈان انٹرنیشنل گولڈ میڈلسٹ رانا اعجاز احمد اور بلیک بیلٹ فورتھ ڈان (ڈبلیو ٹی ایف) کوریا، یوسے کوچ خاور محمود کا تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس میں شریک کوچز، ریفریز، ججز اور پلیئرز کے ہمراہ گروپ فوٹو

انسداد بھنگ مہم کے دوران انتظامیہ کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے، محمد حسیب شجاع

بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی برائے انسداد منشیات کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری مہم، سروے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ایس ایس (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

کراچی: لائنز کلب انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 305 ساؤتھ، ریجن تیموریہ کی جانب سے پاکستان امریکن کلچر سینٹر کراچی میں ڈسٹرکٹ کے دیگر کلبز، ریجن نیو ایلیٹ، نیو ان رائز لائنز کلب، جیسمین لائنز کلب، سہارا لائنز کلب، نیو ہارمنی اور پی اے سی سی کے تعاون سے محفل میلاد کے موقع پر گلہائے عقیدت پیش کیے جا رہے ہیں

انتظامیہ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے عملے کی مشترکہ کارروائی، 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا

کوئٹہ (این این آئی) ضلعی انتظامیہ کوئٹہ ویسٹ اور محکمہ سوشل ویلفیئر کے عملے نے مشترکہ کارروائی کے دوران 14 گداگروں کو تحویل میں لے لیا۔ اسسٹنٹ کمشنر بروری کاشف عمار نے بتایا کہ ڈپٹی کمشنر ویسٹ منیر احمد درانی کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ ویسٹ اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر عبدالرازق کی نگرانی میں (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس کے شرکا میں سرٹیفکیٹس تقسیم

رانا اعجاز احمد اور خاور محمود نے کوچز، ریفریز اور ججز کی فنی و تکنیکی صلاحیتیں بہتر بنانے کی تربیت دی

کوئٹہ (سپورٹس رپورٹر) پانچویں حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ 19 ستمبر کو منعقد ہوگی آرگنائزنگ کمیٹی نے حکیم نادر عباس تائیکوانڈو چیمپئن شپ کے کامیاب انعقاد کیلئے تائیکوانڈو کوچنگ اینڈ ریفری جج کورس منعقد کیا۔ نیشنل تائیکوانڈو کلب اور این (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

نامعلوم مسلح ڈاکوؤں نے 4 موٹر سائیکلیں، 2 لاکھ روپے نقدی اور موبائل فون چھین لئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی، بھاگ، اوستہ محمد اور ڈیرہ اللہ یار میں ڈکیت بے لگام اسلحے کے زور پر چار موٹر سائیکلیں دو لاکھ روپے نقدی، چھ موبائل فون ودیگر سامان چھین لوٹ لیا جبکہ مزاحمت پر گورنمنٹ ٹیچرز سمیت 2 افراد کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق پچھی پولیس تھانہ بھاگ صدر کی حدود بھاگ جلال خان روڈ پر سکول سے ڈیوٹی کے بعد گھر واپس جاتے ہوئے مسلح ڈاکوؤں نے گورنمنٹ ٹیچر ماسٹر عطاء اللہ مغیری سے موٹر سائیکل موبائل نقدی چھینے (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

لاہور: بارش کے دوران شہری اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں

سیرتِ طیبہ ہمارے لیے رہنمائی کا مکمل سرچشمہ ہے، شکیل احمد

میلاد النبی ﷺ کا مقصد صرف عقیدت کا اظہار نہیں بلکہ حضور کریم ﷺ کی تعلیمات کو اپنی زندگی کا حصہ بنانا بھی ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) لائنز کلب انٹرنیشنل ڈسٹرکٹ 305 ساؤتھ، ریجن تیموریہ کی جانب سے پاکستان امریکن کلچر سینٹر کراچی میں ڈسٹرکٹ کے دیگر کلبز، ریجن نیو (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

حاجی میر یونس بلوچ کا حاجی خلیل الرحمن کے انتقال پر تعزیت کا اظہار

کوئٹہ (این این آئی) سابقہ ڈپٹی میئر حاجی میر یونس بلوچ نے روزنامہ جنگ کوئٹہ کے چیئرمین ایڈیٹوریل کمیٹی سید حاجی خلیل الرحمان کے انتقال پر گہرے رنج اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے ان کی وفات بلوچستان کی صحافتی، سیاسی اور سماجی حلقوں کے لیے ایک بڑا نقصان ہے حاجی خلیل الرحمن نے بلوچستان کی آواز کو ہر فورم تک پہنچانے میں اہم اور قابل قدر کردار ادا کیا۔ انہوں نے ہمیشہ بلوچستان کے عوام کے مسائل، مشکلات اور محرومیوں کو اجاگر کیا اور مظلوم و محروم طبقات کی آواز بن کر اپنا صحافتی فریضہ ادا کیا

دنیا بھر میں بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی کا کردار ہے، مولانا عبدالرحمن رفیق

فلسطین، افغانستان اور مشرقِ وسطیٰ کے بحرانوں کا حل طاقت کے بجائے منصفانہ سفارتکاری میں ہے

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

عوام کو مبینہ طور پر تنگ کرنے اور رشوت خوری کے الزامات پر متعدد افسران اور اہلکار معطل

کوئٹہ (پ ر) عوام کو مبینہ طور پر تنگ کرنے اور رشوت خوری کے الزامات پر چمن پولیس کے متعدد افسران اور اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ معطل اہلکاروں کے خلاف محکمانہ قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز مطابق عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے بارڈر ہولڈنگ کیمپ کے انچارج اور ماسٹر پلان چوکی کے انچارج افسر کو بھی معطل کیا گیا ہے۔ اسی طرح کوڑک ٹاپ چوکی کے انچارج اور دیگر اہلکاروں کے خلاف بھی کارروائی کرتے ہوئے انہیں معطل کر دیا گیا

"صحت مند بچہ، خوشحال خاندان اور مضبوط پاکستان" ہمارا مقصد ہے، ڈاکٹر بہادر لونی

بچوں کی بروقت ویکسینیشن پورے خاندان اور معاشرے کو محفوظ بنانے میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے

دکی (خ ن) ماں اور بچے کی صحت، حفاظتی ویکسینیشن اور بچوں کو مختلف بیماریوں سے محفوظ رکھنے کے حوالے سے ڈی ایچ او آفس دکی میں ایک آگاہی سیمینار منعقد کیا گیا، جس کے بعد آگاہی ریلی بھی نکالی گئی۔ سیمینار اور ریلی میں ڈبلیو ایچ او کے نمائندوں، لیڈی (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

شہر کی صفائی اور نکاسی آب کا نظام بہتر رکھنا مشترکہ ذمہ داری ہے، امیر حمزہ

قوانین اور انتظامی ہدایات کی خلاف ورزی پر کارروائی جاری رہے گی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے صاف، ستھرا کوئٹہ کے وژن اور ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر سٹی امیر حمزہ اور میونسپل مجسٹریٹ ڈاکٹر عمران زیب کاسی نے جان محمد روڈ، فقیر محمد روڈ اور اختر محمد روڈ (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

پارٹی میں کارکن ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، سردار عمر گورگیج

پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا جائے گا،

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر سردار عمر گورگیج اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن وسابق صوبائی وزیر سردار بازمحمد خان کھیتران نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کو بلوچستان میں گراس روٹس لیول تک مزید مضبوط، منظم اور فعال بنایا (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، پانی کے بحران اور خراب امن وامان پر جے یو آئی کا اظہار تشویش

انتظامیہ پانی کی فراہمی اور جان ومال کے تحفظ کے لیے ہنگامی اقدامات کرے، مولانا امان اللہ حقانی

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام تحصیل گنداخہ کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس تحصیل امیر مولانا امان اللہ حقانی کی زیر صدارت مدرسہ دارالعلوم علی المرتضیٰ گنداخہ میں منعقد ہوا، اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے کیا گیا، جبکہ اہم ایجنڈوں کے مطابق جماعتی امور، علاقائی صورتحال اور عوام کو درپیش بنیادی مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں مجلس عمومی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

طالبات کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ تعلیم اور ضروری رہنمائی فراہم کی جائے، فریدہ ترین

معاشرے کی ترقی اور خوشحالی کے لیے خواتین اور بچیوں کا تعلیم یافتہ ہونا نہایت ضروری ہے

صحبت پور۔ ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے گورنمنٹ گرلز کالج صحبت پور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے کالج کے مختلف شعبہ جات، تدریسی سرگرمیوں اور تعلیمی ماحول کا تفصیلی جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے کلاس رومز کا معائنہ کرتے ہوئے طالبات کو فراہم کی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراونڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883703
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

عوامی خدمت اور ترقیاتی عمل پی پی پی کا منشور ہے، فیصل جمالی

عوام کے ساتھ ہمارا رشتہ اٹوٹ ہے، حلقہ انتخاب کی ترقی وخوشحالی کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات جاری ہیں

اوستہ محمد سمیت حلقہ انتخاب جلد ترقی کی نئی منزلیں طے کرے گا، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا پیپلز پارٹی کے منشور کا اہم حصہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ خوشحال عوام، ترقی یافتہ (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

لاہور: ایک لڑکی انارکلی چوک میں اسٹال پر کتابیں دیکھ رہی ہے

کوئٹہ: آل پاکستان فیڈریشن آف ٹریڈ یونین کے صوبائی صدر حاجی رمضان اچکزئی، خان زمان، حاجی بشیر رند و دیگر رہنما پریس کانفرنس کر رہے ہیں